الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 11 مئی، 2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حکومت بلوچستان کو عبدالخالق مندوخیل، ڈپٹی کمشنر زیارت کو ٹرانسفر کرنے سے روک دیا کیونکہ بلوچستان میں ضمنی لوکل گورنمنٹ الیکشن کا عمل جاری ہے اور الیکشن شیڈول کا اعلان 12 اپریل کو ہو چکا ہے۔ اور پولنگ ڈے 12 مئی کو ہو گی اور اس دوران ٹرانسفر اور پوسٹنگ پر پابندی عائد ہوتی ہے جب تک کہ الیکشن کا عمل مکمل نہ ہو جائے عبدالخالق مندوخیل ڈپٹی کمشنر زیارت کو الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر زیارت مقرر کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆